# 28-12-2024 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔سابق وزیراعظم منموہن سنگھ کی آخری رسومات تمام سرکاری اعزازات کے ساتھ نئی دہلی کے نگم بودھ گھاٹ میں انجام دے دی گئیں۔

۲۔سابق وزیراعظم منموہن سنگھ کوخراج پیش کرنے کیلئے تلنگانہ اسمبلی کا خصوصی اجلاس پیر کو دس بجے دن ہوگا۔

۳۔انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے بی آر ایس کے کارگزار صدر تارک راما راو کو نوٹس جاری کرتے ہوئے ان سے خواہش کی ہے کہ 7 جنوری کو وہ ای ڈی حکام کے سامنے رجوع ہوں۔

اور

۴۔وزیراعظم نریندر مودی اس اتوار کو آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک و بیرون ملک کے عوام سے خطاب کریں گے۔

OO

وزیراعظم نریندر مودی اس اتوار کو آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک و بیرون ملک کے عوام سے خطاب کریں گے۔ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا یہ 117 واں ایپی سوڈ رہے گا۔ آکاش وانی، دوردرشن، اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن ایر موبائل ایپ پر پروگرام نشر ہوگا۔ ہندی نشریات کے بعد علاقائی زبانوں میں یہ پروگرام دوبارہ نشر ہوگا۔

OO

سابق وزیراعظم منموہن سنگھ کی آخری رسومات انجام دے دی گئیں۔ تمام سرکاری اعزازات کے ساتھ نئی دہلی کے نگم بودھ گھاٹ میں ان کی آخری رسومات انجام دے دی گئیں۔ سکھ طبقہ کی اہم شخصیات اور منموہن سنگھ کے ارکان خاندان نے آخری رسومات سے پہلے گربانی کیرتن کیا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکر، وزیراعظم مودی، مرکزی وزرا امیت شاہ، راجناتھ سنگھ اور جے پی نڈا کے علاوہ اسپیکر لوک سبھا اوم برلا نے ان کو خراج پیش کیا۔ کانگریس کے صدر ملکارجن کھرگے، کانگریس کی سابق صدر سونیا گاندھی، راہل گاندھی نے بھی ان کو خراج پیش کیا۔ چیف آف آرمی اسٹاف جنرل اوپیندر دیویدی، چیف آف نیول اسٹاف ایڈمیرل دنیش کے تریپاٹھی، چیف آف ایر اسٹاف ایر مارشل امر پریت سنگھ، بھوٹان کے شاہ جگمے رام فُل نے بھی منموہن سنگھ کو خراج عقیدت پیش کیا۔ آخری سفر کا آغاز کانگریس کے ہیڈ کوارٹرس سے شروع ہوا۔ ان کی لاش نگم بودھ گھاٹ آج صبح لائی گئی۔ قبل ازیں عوام اور پارٹی قائدین و کارکنوں کے دیدار کیلئے ان کی لاش ان کے مکان سے کانگریس ہیڈ کوارٹرس لائی گئی۔

OO

سابق وزیراعظم منموہن سنگھ کو خراج پیش کرنے کیلئے تلنگانہ اسمبلی کا خصوصی اجلاس پیر کو دس بجے دن ہوگا۔ تلنگانہ مقنّنہ کے سکریٹری نرسمہا چاریلو نے اس سلسلہ میں ہفتہ کو مکتوب روانہ کرتے ہوئے ارکان کو مطلع کیا۔ اس اجلاس کے موقع پر منموہن سنگھ کو ریاستی اسمبلی کی جانب سے بھرپور خراج پیش کیا جائے گا جن کی جمعرات کی شب قومی دارالحکومت میں موت ہوگئی تھی۔ اسپیکر جی پرساد کمار نے 21 دسمبر کو 7 روزہ سرمائی سیشن کے بعد ایوان کی کارروائی کو غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کر دیا تھا۔

○○

انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے تلنگانہ کے سابق وزیر و بی آر ایس کے کارگزار صدر تارک راما راؤ کو نوٹس جاری کرتے ہوئے ان سے خواہش کی ہے کہ 7 جنوری کو وہ ای ڈی حکام کے سامنے رجوع ہوں۔ ای ڈی نے سابق آئی اے ایس عہدیدار اروند کمار کے علاوہ حیدرآباد میٹروپولیٹن ڈیولپمنٹ اتھاریٹی (حمڈا) کے سابق انجینئر بی ایل این ریڈی کو بھی نوٹس جاری کرتے ہوئے بالترتیب 2 اور 3 جنوری کو مرکزی ایجنسی کے سامنے حاضر ہونے کی خواہش کی۔ ای ڈی کے حکام نے ریاستی اے سی بی کی جانب سے درج کردہ ایف آئی آر کی بنیاد پر انسدادِ منی لانڈرنگ ایکٹ کے تحت جانچ کے حصہ کے طور پر یہ نوٹس جاری کرتے ہوئے حاضر ہونے کی خواہش کی ہے۔ ای ڈی نے فیما قانون کی ممکنہ خلاف ورزی کی جانچ علیحدہ طور پر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مالی بے قاعدگیوں بشمول لازمی منظوری کے بغیر فارمولہ ای آپریشنس لمیٹڈ کو حمڈا کی طرف سے 55 کروڑ روپے کی غیر مجاز منتقلی کے سلسلہ میں الزامات وضع کئے گئے ہیں۔

○○

ضلع ورنگل میں شیر کی نقل و حرکت سے سنسنی پھیل گئی۔ ضلع کے کوتہ گوڑہ کے جنگلاتی علاقہ سے متصل آبادی میں یہ شیر نظر آیا جس سے مقامی افراد میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ مقامی افراد نے نالہ بیلہ علاقہ میں شیر کے پنجوں کے نشان دیکھے اور حکام کو اس کی اطلاع دی۔ شیر کے پنجوں کے نشانات کا معائنہ کرنے والے محکمہ جنگلات کے عہدیداروں نے کہا کہ مقامی افراد کو جنگل سے متصل علاقہ میں تنہا جانے سے گریز کرنا چاہئے۔ انہوں نے زرعی کام کرنے والوں کو تاریکی سے پہلے گھر پہنچنے کا مشورہ دیا۔

○○

حیدرآباد ڈیزاسٹر ریسپانس اینڈ ایسیٹ مانیٹرنگ اینڈ پروٹیکشن ایجنسی (حیدرا) کے کمشنر اے وی رنگناتھ نے اعلان کیا ہے کہ ایجنسی نے حیدرآباد میں 200 ایکر اراضی واپس حاصل کرلی ہے۔ انہوں نے حیدرآباد میں آج حیدرا کی سالانہ رپورٹ جاری کرتے ہوئے ایجنسی کے کارناموں اور اقدامات کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ حیدرا کی کارروائیوں کے نتیجہ میں ایف ٹی ایل اور بفرزونس میں غیر مجاز تعمیرات کے سلسلہ میں عوام کی بیداری میں بتدریج اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام اب فلائٹس اور پلاٹس کی خریداری میں مزید محتاط ہوگئے ہیں۔ کمشنر نے کہا کہ حیدرا نے تاحال 8 تالابوں اور 12 پارکس کا تحفظ کیا۔ یہ کہتے ہوئے کہ این آر ایس ای ادارے کے تال میل کے ساتھ سٹلائٹ کی تصاویر حاصل کی گئی ہیں اور فضائی ڈرون کی تصاویر کا بھی استعمال کیا جارہا ہے، کمشنر نے کہا کہ سرکاری اراضیات کی جیوفینسنگ کے اقدامات کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تالابوں کے علاقوں میں تبدیلیوں کا پتہ چلانے کے لئے سال 2000ء سے 2024ء تک کی تصاویر کو ترتیب دینے کا کام کیا جارہا ہے۔

○○

مرکزی وزیر امور صارفین پرہلاد جوشی نے سنٹرل کنزیومر پروٹیکشن اتھاریٹی (سی سی پی اے) کو ہدایت دی ہے کہ کیاب کمپنیوں کی جانب سے مختلف قیمتوں کے الزامات کی تحقیقات کریں۔ انڈرائیڈ اور ایپل فونس میں ایک ہی رائیڈ پر ان کمپنیوں کی جانب سے مختلف شرحوں کی وصولی کا الزام ہے۔ انہوں نے کہا کہ سی سی پی اے کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اس سلسلہ میں جلد رپورٹ پیش کریں۔ جوشی نے محکمہ سے خواہش کی کہ وہ فوڈ ڈیلیوری ایپ، آن لائن ٹکٹ بکنگ ایپ اور دیگر پر بھی نظر رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت صارفین کے استحصال کو قطعی برداشت نہیں کرے گی۔

○○

انڈین اسپیس ریسرچ آرگنائزیشن (اسرو) سال 2024 کو شاندار وداعی دینے کے مقصد کو ذہن میں رکھتے ہوئے اپنے ڈبل ریکارڈ قائم کرنے والے 'اسپیڈیکس' خلائی مشن کے لئے الٹی گنتی کا کام کل سے شروع کرے گا۔اس کے تحت پہلی آن اسپیس ڈاکنگ ٹکنالوجی پر-اسپیڈیکس سیٹلائٹ سے جڑی ڈاکنگ اوران ڈاکنگ سیریز ہیاور دوسرا پی ایس ایل وی-سی 60 لانچ وہیکل پر پی او ای ایم-4 کے حصے کے طور پر 24 سائنسی تجربات کا پی ایس ایل وی-4 کا چوتھا مرحلہ شامل ہے۔ پی ایس ایل وی مشن کے لیے الٹی گنتی کا جو کام عام طور پر 24 سے 25 گھنٹے تک کا ہوتا ہے،کل سے شروع ہونے کی امید ہے،جس کے دوران چار مرحلوں والی گاڑی میں پروپیلنٹ بھرنے کا کام کیا جائے گا۔اسرو نے 'ایکس' پر ایک پوسٹ میں کہا، لانچ کے قریب ایک قدم اور بڑھاتے ہوئے اسپیڈیکس کے لانچ وہیکل کے ساتھ دو سیٹلائٹس انٹگریٹڈ ہو گئے ہیں۔ بتایا گیا، انٹیگریشن سنگ میل ہے، ایس ڈی ایس سی شار'لفٹ آف' کے ایک قدم اور قریب اسپیڈیکس سیٹلائٹس کو پی ایس ایل وی-سی-60 کے ساتھ کامیابی کے ساتھ مربوط کیا گیا ہے۔ پی ایس ایل وی-سی 60 پر پہلی بار پی آئی ایف سہولت میں پی ایس 4 (چوتھے مرحلے کے انجن) تک پوری طرح سے انٹگریٹڈ کر کے اسے پہلے لانچ پیڈ پر لے جایا گیا۔اسرو اپنے پہلے کامیاب خلائی ڈاکنگ کے مظاہرے کے ساتھ سال 2024 کو شاندار الوداع کرنے کا منتظر ہے، کیونکہ یہ اہم مشن ہندوستان کو چوتھا ملک بننے کے لیے آگے بڑھائے گا۔ یہ دنیا کو دکھائے گا کہ ملک پیچیدہ خلائی ڈاکنگ ٹیکنالوجی میں مہارت حاصل کر رہا ہے۔ یہ اسرو کے لیے ایک تاریخی اور بے مثال مشن ہوگا جس کے تحت اسپیس ڈاکنگ مظاہرے کے لئے دو سیٹلائٹ چیزر اور ٹارگٹ والے اسپیڈیکس لانچ کے علاوہ، اسپیڈیکس مشن کے ساتھ پی ایس ایل وی آربٹل ایکسپیریمنٹ ماڈیول-4 (پی او ای ایم) پر خلا میں ریکارڈ 24 سائنسی تجربات کئے جائیں گے۔

○○

تلنگانہ حکومت نے نئے سال کے موقع پر سلسلہ وار راحت کا اعلان کیا ہے۔حکومت نے 31 دسمبر کو نصف شب تک شراب کی دکانات کھلی رکھنے کی خصوصی اجازت دی ہے۔ محکمہ آبکاری کی جانب سے جاری کردہ احکام کے مطابق بارس اور شراب کی دکانات میں ایک بجے شب تک شراب سپلائی کی جائے گی۔اِس سے ریاست کی آمدنی میں اضافہ کی توقع ہے کیونکہ تہواروں کے سیزن میں شراب کی فروخت میں اضافہ ہوتا ہے۔راحت کے اوقات میں حکومت نے پبس، پارٹیوں اور حیدرآباد کی خصوصی تقاریب کے لئے ہری جھنڈی دکھادی ہے۔تاہم پروگراموں کے منتظمین کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ ان تقاریب اور جشن کو محفوظ ومنشیات سے پاک بنانے کے لئے احتیاطی اقدامات پر سختی سے عمل کرے۔حکام غیر قانونی اشیاء کے استعمال کو روکنے اور دیگر ناگہانی واقعات پر نظر رکھنے کے لئے خصوصی اقدامات کریں گے۔

○○

بی آر ایس نے مناسب اجازت اور منظوری کے بغیر حال ہی میں پالمور ورنگاریڈی لفٹ اریگیشن اسکیم کی تفصیلی پراجکٹ رپورٹ واپس کرنے پر کانگریس حکومت کو مورد الزام ٹھہرایا۔ حالانکہ بی آر ایس کے دور میں اس پراجکٹ کو ماحولیاتی اور محکمہ جنگلات کی منظوری حاصل ہوگئی تھی۔ گزشتہ سال اس کے پمپ ہاوس کا ٹرائل رن بھی کیا گیا تھا۔ متحدہ محبوب نگر ضلع کے پارٹی قائد وسابق وزیر سرینواس گوڑ نے کہا کہ مرکز نے ڈی پی آر واپس کردیا ہے۔